Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ______________

Sig. of Candidate: ______________

Sig. of Invigilator: ______________

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

## حصّہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ''فسانۂ آزاد'' کے مصنف کا کیا نام ہے ؟
الف۔ رجب علی بیگ سرور ب۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار
ج۔ مولانا محمد حسین آزاد د۔ ڈپٹی نذیر احمد

(ii) تاریخی ناول ''فردوسِ بریں'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
الف۔ عبدالحلیم شرر ب۔ علامہ راشد الخیری
ج۔ منشی پریم چند د۔ سجاد حیدر یلدرم

(iii) مُلّا وجہی کی تصنیف ''سب رس'' کا سنِ تالیف کیا ہے؟
الف۔ 1627-28ء ب۔ 1638-39ء
ج۔ 1643-44ء د۔ 1647-48ء

(iv) ''سوزِ وطن'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟
الف۔ کرشن چندر ب۔ منشی پریم چند
ج۔ اوپندر ناتھ اشک د۔ راجندر سنگھ بیدی

(v) درج ذیل میں سے سجاد ظہیر کا تصنیف کردہ ناول کون سا ہے؟
الف۔ شکست ب۔ ٹیڑھی لکیر
ج۔ لندن کی ایک رات د۔ بازارِ حسن

(vi) رجب علی بیگ سرور کے اندازِ تحریر کی خاص خوبی کیا ہے؟
الف۔ سادگی ب۔ بے ساختگی
ج۔ مقفّٰی، مسجّع اور پُرتکلّف د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(vii) کس ادبی شخصیت نے ریڈیو کی نشری تقریر میں خدیجہ مستور کی ایک کہانی کی تعریف کی تو عام قاری تک اُن کا نام پہنچا؟
الف۔ سیّد احتشام حسین ب۔ آلِ احمد سرور
ج۔ وقار عظیم د۔ ڈاکٹر وزیر آغا

(viii) غلام عباس کا پہلا افسانہ ''وطن'' کس کے افسانہ سے ماخوذ ہے؟
الف۔ موپساں ب۔ ٹالسٹائی
ج۔ چیخوف د۔ البیر کومیو

(ix) ''چچا چھکن'' کا مزاحیہ کردار کس کی تخلیق ہے؟
الف۔ سجاد حسین ب۔ مشتاق احمد یوسفی
ج۔ امتیاز علی تاج د۔ سرشار

(x) میرزا ادیب کا اصلی نام کیا ہے؟
الف۔ دلاور علی ب۔ میرزا وجاہت حسین
ج۔ نوازش علی د۔ فیاض رسول

(xi) اُردو کا پہلا شاعر کس کو مانا جاتا ہے؟

الف۔ امیر خسرو دہلوی ب۔ شاہ حاتم

ج۔ محمد قلی قطب شاہ د۔ غوّاصی

(xii) اُردو قصیدہ نگاری کا امام کسے کہا جاتا ہے؟

الف۔ شاہ مبارک آبرو ب۔ مرزا رفیع سودا

ج۔ ابراہیم ذوق د۔ میر تقی میر

(xiii) ''وہ حقّہ بھروا لیتے اور شعر کہنے بیٹھ جاتے'' یہ جملہ کس شاعر کے لیے کہا گیا ہے؟

الف۔ جوش ملیح آبادی ب۔ مولانا ظفر علی خاں

ج۔ خوشی محمد ناظر د۔ اسمٰعیل میرٹھی

(xiv) امیر مینائی کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ دہلی ب۔ آگرہ

ج۔ بنارس د۔ لکھنؤ

(xv) اُردو کا پہلا عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

الف۔ نظیر اکبر آبادی ب۔ اکبر الٰہ آبادی

ج۔ ن م راشد د۔ مجید امجد

(xvi) اقبالؒ نے اپنی شاعری کا آغاز کس سے کیا؟

الف۔ نظم نگاری سے ب۔ غزل گوئی سے

ج۔ قصیدہ نگاری سے د۔ مرثیہ نگاری سے

(xvii) فردوسی کے شاہنامہ کے انداز میں اُردو میں ''شاہنامۂ اسلام'' کس نے لکھا؟

الف۔ احمد ندیم قاسمی ب۔ حبیب جالب

ج۔ حفیظ جالندھری د۔ قیوم نظر

(xviii) ''شاعرِ مزدور'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ احسان دانش ب۔ ساحر لدھیانوی

ج۔ منیر نیازی د۔ جیلانی کامران

(xix) کس دکنی شاعر کو اُردو رباعی میں اوّلیت کا درجہ دیا جاتا ہے؟

الف۔ مُلّا وجہی ب۔ ملک الشعرا نصرتی

ج۔ قلی قطب شاہ د۔ غوّاصی

(xx) اُس زمانے کے بعض حلقۂ درس ایسے ہوتے تھے جن میں ________ دواتیں رکھی جاتی تھیں۔

الف۔ پانچ ہزار سے زائد ب۔ سات ہزار سے زائد

ج۔ دس ہزار سے زائد د۔ بارہ ہزار سے زائد

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: 

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور''سوم'' کےسوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پرمہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ ''توبۃ النصوح'' کے حوالے سے نذیراحمد کی ناول نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔ (یا) (12)

نذیراحمد کے منفی کردار، مثبت کرداروں پر حاوی ہیں۔ اس حوالے سے ''توبۃ النصوح'' کے کرداروں کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہرسوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو: (3x5=15)

(i) خواجہ سگ پرست نے اپنے بھائیوں کے نارواسلوک کے باوجود کن کن مواقع پر ان کی مدد کی؟

(ii) نظیرا کبرآبادی کی نظم ''برسات کی بہاریں'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

(iii) حالؔی کے نزدیک وہ کون سی ضروری چیز ہے جوشاعر کوغیر شاعر سے تمیز دیتی ہے اوراُس کی کیا اہمیت ہے؟

(iv) ڈراما ''فاصلے'' میں متور کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ وُہ ہزاروں روپے جواُس نے اپنی خوشیاں نیلام کر کے کمائے تھے، اولاد کی تعلیم پر لگادیے۔ اُس کی تعلیم یافتہ اولاد اوران پڑھ نیاز میں کوئی فرق نہیں تھا۔ سلمان سوچا کرتا تھا کہ اُس سے زیادہ سمجھدار تو نیاز کا باپ تھا جس نے اُسے کوئی تعلیم نہیں دلائی۔ اپنی گاڑھی کمائی کا ایک پیسہ اس پر صَرف نہیں کیا۔ نیاز کو بھی اس سم سم کی تلاش تھی جس کی تلاش میں اُس کے بہن بھائی سرگرداں تھے لیکن نیاز نے اس سم سم کا سُراغ لگالیا تھا۔ اَن پڑھ کباڑیا تین گریجویٹوں سے بازی لے گیا۔ کوٹھی، کار اور بینک بیلنس جیت کے تین کارڈ اُس کے پاس تھے۔ وہ بڑا آدمی بن چکا تھا اور وہ تینوں ابھی تک جیت کے ان تینوں کارڈوں کے خواب ہی دیکھ رہے تھے۔

ب۔ صراطِ مستقیم پر چلنے والے انسان میرے اس فریب کو نہ سراہیں تو نہ سراہیں، میں کم ازکم مردوں کے طبقے سے اس کی داد ضرور چاہتا ہوں۔ خواتین میری اس حرکت کے لیے مجھ پر دہری دہری لعنتیں بھیجیں گی کہ ایک تو میں نے مکّاری اور جھوٹ سے کام لیا اور دوسرے ایک عورت کو دھوکا دیا۔ اُن کی تسلّی کے لیے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ یقین مانیے کئی دفعہ تنہائی میں مَیں نے اپنے آپ کو بُرا بھلا کہا۔ بعض اوقات اپنے آپ سے نفرت ہونے لگتی۔ ساتھ ہی اس بات کا بُھلانا بھی مشکل ہو گیا کہ میں بغیر پڑھنے ہی کے علمیت جتا تا رہتا ہوں۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کا بحوالہٗ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہوجائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے
جلوہ کیا سحر کے رُخِ بےحجاب نے
دیکھا سُوئے فلک شہِ گردوں رکاب نے
مُڑ کر صدا رفیقوں کو دی اُس جناب نے
آخر ہے رات حمد وثنائے خُدا کرو
اُٹھو فریضۂ سحری کو ادا کرو

ب۔
چیلوں نے جھنڈے گاڑے تھے، پربت پر چھاؤنی چھائی تھی
تھے خیمے ڈیرے بادل کے، کہرے نے قنات لگائی تھی
اِک مست قلندر جوگی نے پربت پر ڈیرا ڈالا تھا
تھی راکھ جٹا میں جوگی کی اور انگ بھبوت رمائی تھی
سب خلقِ خُدا سے بیگانہ ، وہ مست قلندر دیوانہ
بیٹھا تھا جوگی مستانہ ، آنکھوں میں مستی چھائی تھی

سوال نمبر۶۔ اقبالؔ کی نظم ''جاوید کے نام'' کا فکری وفنی جائزہ لیجیے۔ (یا) (9)

حفیظؔ جالندھری کی نظموں میں منظر کشی اپنے کمال پر نظر آتی ہے۔ نظم ''درۂ خیبر'' کی روشنی میں جواب دیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ میرا پسندیدہ افسانہ نگار — ب۔ اقبالؒ کا تصورِ شاہین

ج۔ اُردو نثر پر سرسیّد کے احسانات — د۔ اُردو ذریعہ تعلیم

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ داستان — ب۔ خاکہ

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ قصیدہ — ب۔ رُباعی